”نیکی اچھ اخلاق کا نام ہ، اور گناہ وہ ہ جو تمہارے دل میں کھٹکے اور اس پر لوگوں کا مطلع ہونا تمہیں ناگوار ہو

نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ سے روایت ہ کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ”نیکی اچھے اخلاق کا نام ہ، اور گناہ وہ ہ جو تمہارے دل میں کھٹکے اور اس پر لوگوں کا مطلع ہونا تمہیں ناگوار ہو“ وابصہ بن معبد رضی اللہ عنہ سے روایت ہ کہ میں رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے فرمایا: ’’تم نیکی اور گناہ کے بارے میں پوچھنے آئے ہو؟‘‘ میں نے کہا : جی ہاں چناں چہ آپ ﷺ نے فرمایا: ’’اپنے دل سے پوچھ لو نیکی وہ ہ جس پر نفس مطمئن ہو اور دل میں کوئی کھٹک نہ ہو اور گناہ وہ ہ جو نفس میں کھٹکے اور دل میں اس کی بابت تردد ہو، اگرچے لوگ تجھے (اس کے جواز کا) فتوی دے دیں اور تجھے جائز بتاتے رہیں۔‘‘

[صحیح] [پہلی حدیث کو مسلم نے اور دوسری حدیث کو احمد اور دارمی نے روایت کیا ہے]

اللہ کے نبی ﷺ نے نیکی اور گناہ کے بارے میں بات کرتے ہوئے فرمایا کہ سب سے بڑی نیکی حسن اخلاق ہے اللہ کے ساتھ حسن اخلاق یہ ہے کہ تقوی اختیار کیا جائے اور مخلوق کے ساتھ حسن اخلاق یہ ہے کہ ان کی اذیتوں کو برداشت کیا جائے، غصہ کم کیا جائے، ہنس کر ملا جائے، اچھی بات کی جائے، صلہ رحمی کی جائے، بات مانی جائے، لطف آمیز برتاؤ کیا جائے، حسن سلوک کے ساتھ زندگی گزاری جائے اور اچھی صحبت رکھی جائے نیکی وہ ہ، جس سے دل اور نفس مطمئن ہو جب کہ گناہ ایسی مشتبہ چیز ہ، جو دل میں کھٹکے، اس سے دل مطمئن نہ ہو، بار بار یہ شک اور اندیشہ دل میں آتا رہے کہ کہیں یہ گناہ تو نہیں ہے اور آپ اسے اچھے، نیک اور کامل لوگوں کے سامنے ظاہر نہ کرنا چاہیں کیوں کہ فطری طور پر انسان کا نفس یہ چاہتا ہے کہ لوگ اس کی اچھی باتوں کو ہی جانیں لہذا اگر آپ کسی بات سے لوگوں کی آگاہی کو ناپسند کر رہے ہیں، تو اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ گناہ ہے اور اس میں کوئی خیر نہیں ہے لوگ جواز کا فتوی دے بھی دیں، تو ان کے فتوے کو قبول مت کرو، جب تک تمہارے دل میں شک و شبہ آتا رہے کیوں کہ فتوے سے شبہ دور نہیں ہوتا، جب تک شبہ صحیح ہو اور فتوی دینے والا بلا علم فتوی دیتا ہو لیکن اگر فتوی شرعی دلیل پر مبنی ہو، تو فتوی پوچھنے والے پر اسے ماننا ضروری ہوگا، خواہ اس کی طبیعت مطمئن ہو یا نہ ہو

https://sunnah.global/hadeeth/ur/show/66540